رزأ رَزَایَا: بڑی مصیبتیں م رَزِیَّة (اَلرَّزَایَا ۱۴: ۳)

رسل رِسَالَة: پیغام ج رَسَائِل و رِسَالَات (رِسَالَةً ۱۴: ۳)

رسم رَسْم: تصویر، نقش ج رُسُوم و اَرْسُم (رَسْمَه ۸: ۲)

رضو رَضِیْنَا: (رَضِیَ، یَرْضٰی، رِضًی و رِضْوَانًا و مَرْضَاةً) ہم راضی ہوئے (رَضِیْنَا ۷۷: ۱۰)

رطل رِطْل: تقریبًا ایک پونڈ یا آدھ سیر ج اَرْطَال (رِطْلٍ ۹۹: ۹)

رعد رِعْدَة: کپکپی، لرزہ (رِعْدَةٌ ۱۰۷: ۷)

رُعُوْد: گڑگڑاہٹیں، گرجیں م رَعْد (رُعُوْدٌ ۱۳: ۵)

رعی رَعَیْتَ: (رَعٰی، یَرْعٰی، رِعَایَةً و مَرْعًی) تُو نے نگہداشت کی (رَعَیْتَ ۲۱: ۴)

لَمْ تَرْعَ: تُو نے نگہداشت نہ کی (لَمْ تَرْعَ ۹۳: ۱۶)

رَاعٍ: چرواہا، نگہبان، حاکم (اَلرَّاعِیْ ۹۸: ۹)

رغب رُغْبَة: شوق رغبت (رُغْبَتِہٖ ۱۸: ۳)

رفق مِرْفَقَة : گل تکیہ (مِرْفَقَةٍ ۳۴ : ۱۳)
رقب رَقِیْب : محافظ ، چوکیدار ، نگہبان (رَقِیْبٌ ۱۸ : ۱۱)
رقد تَرْقُدُ : (رَقَدَ ، یَرْقُدُ ، رَقْدًا اَوْ رُقُوْدًا وَّ رُقَادًا) تو سوئے گا (تَرْقُدُ ۳۰ : ۷)
رقق رَقِیْق : نرم ج اَرِقَّاء (رَقِیْقٌ ۱۰۶ : ۸)
اَرَقّ : رَقِیْق سے صیغہ افعل التفضیل زیادہ لطیف (اَرَقُّ ۳۱ : ۱۲)
رکب رَکْب : اونٹوں یا گھوڑوں کے سوار ، دس سے زیادہ سواروں کی پارٹی (اَلرَّکْبُ ۵ : ۱۶ - اَلرَّکْبُ ۸۳ : ۱۸)
رُکْبَتَاہُ : اس کے دو گھٹنے مـ رُکْبَۃ ج رُکَب و رُکُبَات (رُکْبَتَاہُ ۱۵ : ۳)
رَکَّبَ : (تَرْکِیْب) چڑھایا (رَکَّبَ ۱۶ : ۱۶)
اِرْتِکَاب : (گناہ) کرنا (اِرْتِکَابِ ۱۲ : ۱۴)
رکدس رِیْکَارْدُوْس : رچرڈ اول ، جو ۱۱۸۹ء سے ۱۱۹۹ء تک انگلستان کا بادشاہ رہا - دلیری کے باعث "شیر دل" کے لقب سے مشہور تھا - بیت المقدس

(فلسطین) کے قبضے کے لیے مسلمانوں
کے خلاف تیسری صلیبی جنگ میں
حصہ لیا، لیکن سلطان صلاح الدین
ایّوبی سے شکست کھا کر بے نیلِ مرام
واپس ہُوا (رِیْتَشَارْدُوْس ۳۵ : ۱۱)

رکز تَرْتَكِزُ: (اِرْتِكَاز) قائم ہیں، ٹھہرے ہُوئے
ہیں (تَرْتَكِزُ ۸۶ : ۵)

رمح رُمْح: نیزہ ج. رِمَاح و اَرْمَاح (اَلرُّمْحُ ۲ : ۲)

رمض رَمَضَان: نواں عربی مہینہ ج رَمَضَانَات
و اَرْمِضَاء (رَمَضَانَ ۸۱ : ٤)

رَمْضَاء: (شدید گرمی)، تپتی ہوئی زمین
(اَلرَّمْضَاءِ ۶۰ : ۷)

رمل رَمْلِيَّة: ریتلی، رتیلی (رَمْلِيَّةٌ ۱۹ : ۱۰)
اَلرَّمْلَة: فلسطین کا ایک مشہور شہر، جو
بیت المقدّس سے ایک دن کی مسافت
پر واقع ہے (اَلرَّمْلَةِ ۷۵ : ۵)

رمن اَرْمِينِيَة: سلطنتِ ترکیہ کے زرخیز ترین
علاقوں میں سے ہے، جس میں طرابزند
وغیرہ مشہور مقامات ہیں۔ رُوس نے

جنگِ عظیم سے پہلے اس کا بہت بڑا حصّہ، جس میں طفلس بھی شامل تھا، اپنے زیرِ اثر کر رکھا تھا، جس کے باعث یہ علاقہ دو حصوں میں بٹ کر رُوسی ارمینیا اور تُرکی ارمینیا کہلاتا تھا۔ ارز روم تُرکی ارمینیا میں واقع تھا (اَرْمِینِیَة ۹:۲۶)

اَرْمَنِيَّة: ارمنی، ارمینیا کا (اَرْمَنِيَّةٍ ۳۴:۳)

رنم (جَعَلْتَ) اَتَرَنَّمُ: میں گانے لگا (اَتَرَنَّمُ ۸۳:۳)

رود رُوَيْدًا رُوَيْدًا: ٹھہر ٹھہر کر، آہستہ آہستہ (رُوَيْدًا ۸۲:۳)

روع رَاعَ: (رَاعَ، يَرُوعُ، رَوْعًا) ڈرا دیا (رَاعَ ۸:۷۵)

يُرَوِّعُ: (تَرْوِيع) ڈراتا ہے (يُرَوِّعُ ۴:۱۰۸)

اِرْتَاعَ: (اِرْتِيَاع) ڈر گیا (اِرْتَاعَ ۹۷:۱۳)

روق رُوَاق: خیمہ ج اَرْوِقَة وَ رُوَاقَات و رُوْق (رُوَاقِ ۳۸:۸)

ر و ی رُوَاء : حُسن منظر (رِءْیًا ۹۱ : ۳)
ر ی ب تَستریب : (اِستراب ، یَستریبُ ، اِستِرابَۃٌ) (کہ) شک کریں ، (کہ) شک کی نگاہ سے دیکھیں (تَستَرِیبَ ۹۵ : ۱۹)

ز

ز أ ر زَأرَ : (زَأرَ ، یَزئِرُ و زَئِرَ ، یَزْأرُ ، زَئِیرًا کی زَأرًا) دہاڑا (زَأرَ ۳۴ : ۷)
ز ک و اَزکیٰ : زَکِیّ سے افعل التفضیل کا صیغہ ، پاکیزہ تر ، زیادہ مناسب ، موزوں تر (اَزکیٰ ۹ : ۱۴)
ز ل ل زُلَال : صاف ، میٹھا اور ٹھنڈا پانی (اَلزُّلَالَ ۶۵ : ۳)
زُلزِلَت : (زِلزَال) ہلا دیے گئے (زُلزِلَت ۱۰۲ : ۱۶)
ز م ل زَمیل : ساتھی ، رفیقِ کار (زَمِیلٌ ۷ : ۱۳)
ز م م زِمام : نکیل ، مہار ج اَزِمَّۃ (زِمَامِ ۸۲ : ۱۶)

زَمْزَم : مکۂ معظّمہ میں کعبۃ اللّٰہ کے قریب ایک کنوئیں کا نام ہے، جسے حضرت ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام کی اہلیہ اور حضرت اسمٰعیل عَلَیْہِ السَّلَام کی والدہ حضرت ہاجرہ کے نام پر ہاجرہ کا کنواں بھی کہ لیتے ہیں (زَمْزَمَ ۵۸ : ۱۸)

زاول یُزِیْرَ : (اَزَارَ، یُزِیْرُ، اِزَارَۃً) (کہ) وُہ ملاقات کرائے (یُزِیْرَ ۳۸ : ۳)

یَسْتَزِیْرُ : (اِسْتَزَارَ، یستزیر، اِسْتَزَارَۃً) وُہ ملاقات کرنا چاہتا ہے (یَسْتَزِیْرُ ۳۸ : ۳)

اَزْوَر : ایک پہلو پر جھک کر چلنے والا اَزْوَرَ ۵۲ : ۱۲)

اِزْوِرَاد : ایک پہلو پر جُھک کر چلنا (اِزْوِرَارا ۵۳ : ۱۸)

زاوی اَزْیَاء : پوشاکیں، ہیئتیں، فیشن (الاَزْیَاءَ ۵۶ : ۹)

زیت زَیت : زیتون کا تیل، تیل (زَیْتُ ۶۸ : ۱۶)

نائل لم یزل: (زال، یزال، زائلاً) ہمیشہ رہا (لم یزل ۷۹: ۸)

س

سأل سلی (= اسألی): سأل، یسأل، سؤالاً وّمسألةً سے امر حاضر مؤنث کا صیغہ پوچھ لے (سلی ۵۲: ۱)

(یتسوّل): (تسوّل) بھیک مانگتا ہے۔ (یتسوّل ۶: ٤)

سبب سُبّةٌ: شرم، بے عزتی، ذلّت (سُبّةٌ ۵۰: ۱۳)

تَسُبّ: (سبّ، یسُبّ، سبًّا) (کہ) تو گالی دے (تسُبّ ۶۱: ۱۰)

سبح سابح: باد رفتار گھوڑا ج سوابح (سابح ۶۵: ۱۱)

سبع سِباع: درندے م سبُع (السّباع ۳۳: ۱۳)

سبل سُبُل: راستے م سبیل (السُّبُل ۶: ٤)

ستر مستتِر: (استتار) مخفی، پوشیدہ

(مُسْتَتِرٍ ۶ : ۷)

سجد اَلْمَسْجِدِ الْحَرَام : پاک مسجد، خانۂ کعبہ (اَلْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۸۰ : ۱۱)

سَجَّاد : مصلّے ، چٹائیاں م سَجَّادَة (اَلسَّجَّادِ ۹۰ : ۱۸)

سجن سِجْن : قید خانہ ، جیل ج سُجُوْن (اَلسِّجْنِ ۳ : ۱۶)

سحن سَحْن : ہیئتیں ، شکلیں ، وضعیں ، رنگ م سَحْنَة (اَلسَّحْن ۵۶ : ۹)

سخر لَا يَسْخَرْ : (سَخِرَ ، يَسْخَرُ ، سَخَرًا وَّ سُخَرًا وَّ سُخْرَةً) دل لگی نہ کرے ، تمسخر نہ کرے (لَا يَسْخَرْ ۱۰ : ۸)

سَخَّرَ : (تَسْخِيْر) مطیع کیا ، فرمان بردار بنایا (سَخَّرَ ۸۲ : ۱۳)

سخط سَخَط : غصہ ، خفگی ، ناراضی (سَخَطِ ۲۶ : ۱۶)

سُخْط = سَخَط (اَلسُّخْطِ ۲۴ : ۳)

يَسْخَطَ : (سَخِطَ ، يَسْخَطُ ، سَخَطًا)(کہ) وہ ناراض ہو (يَسْخَطَ ۸۴ : ۱۶)

سخو اَسْخٰى : زیادہ سخی ، سَخِيّ کا صیغہ افعل التفضیل

(اَسْخَی ۵ : ۴)

سدد سُدَّ : سَدَّ ، یَسُدُّ ، سَدًّا سے امر حاضر کا صیغہ ، درست کردے ، اصلاح کردے (سُدَّ ۶۳ : ۴)

سرج سَرْج : زین ج سُرُوْج (سَرْجُ ۶۵ : ۱۱)

اِسْرَاج : زین کسنا (اِسْرَاجِ ۶۷ : ۱۰)

اَسْرِجِیْ : (اِسْرَاج) دِیا جلا ! چراغ روشن کر (اَسْرِجِی ۶۸ : ۱۵)

سرر اَسِرَّۃ : چارپائیاں ، تخت ، پلنگ م سَرِیْر (اَلْاَسِرَّۃِ ۳۰ : ۴)

سرق یَسْتَرِقُ الْخُطَا : (اِسْتِرَاق) چُھپ چُھپ کر قدم اُٹھاتا ہے ، (مُراد) مخفی طریق پر تعاقب کر رہا ہے (یَسْتَرِقُ ۱۶ : ۴)

سرو اَسْرَی : (اِسْرَاء) رات کے وقت سفر کرایا (اَسْرٰی ۸۰ : ۱۰)

سطح مَسْطَح : سطح ، ہموار جگہ (مَسْطَحُ ۸۸ : ۳)

سعد سَعَادَۃ : خوش بختی (سَعَادَتِکَ ۲ : ۱۱)

مُسَاعِد : (مساعدۃ) مددگار ، معین (مُسَاعِدَ

۹۸ : ۳)

سَاعِد : کلائی ج سَوَاعِد (سَاعِدِی ۱۱ : ۱۰)

سعی جَعَلْتُ اَسْعٰی : (سَعٰی ، یَسْعٰی ، سَعْیًا) مَیں دَوڑنے لگا (اَسْعٰی ۸۲ : ۱۶)

سفح سُفُوْح : پہاڑوں کے دامن م سَفْح (سُفُوْح ۵۵ : ۹)

سفل سِفَل : رِذالے ، کمینے لوگ م سِفْلَة ، سَفِلَة (اَلسِّفَلِ ۶ : ۱۲)

سفن سَفِیْن : کشتیاں م سَفِیْنَة (سَفِیْنًا ۴۱ : ۱۲)

سقی یَسْقِیْنِ = یَسْقِیْنِیْ : (سَقٰی ، یَسْقِیْ ، سقیًا) وہ مجھے پلاتا ہے (یَسْقِیْنِ ۸۰ : ۱۷)

نَسْتَقِیْ : (اِسْتَقٰی ، یَسْتَقِیْ ، اِسْتِقَاءً) ہم پانی لیں (نَسْتَقِیْ ۳۱ : ۷)

سَقَّاؤُوْنَ : سقّے ، بہشتی م سَقَّاء (سَقَّاؤُوْنَ ۵۷ : ۸)

سکب یَسْکُبُ : (سَکَبَ ، یَسْکُبُ ، سَکْبًا) (کہ) پانی ڈالے (یَسْکُبُ ۲۹ : ۱)

سکت سَکْتَة : سکتہ ، وُہ بیماری ، جس میں آدمی

کی حس و حرکت زائل ہوجاتی اور بے ہوشی طاری ہوجاتی ہے (سَکْتَۃٌ ۱۵ : ۱۱)

سکر یُسْکِرُ : (اِسکار) مست کر دیتا ہے (مُسْکِرٌ ۱۳ : ۱٤)

اَلسُّکَّرْدَان : (فارسی : شکّر دان) ایک نفیس کتاب کا نام ، جس میں آداب، نصائح ، نادر اور ظریفانہ حکایات جمع کی گئی ہیں ۔ شیخ عبد اللہ بن احمد نے یہ کہانیاں بڑے بڑے شیوخ سے سنیں اور کتبِ تواریخ اور تصانیف ائمہ سے انتخاب کیں ۔ یہ کتاب ۷۵۵ھ (۱۳۵٤ء) میں والیِ مصر محمد بن حاجی کے لیے تیار کی گئی تھی جو ملک النّاصر محمد کا بیٹا تھا ۔ مختلف اقسام کی کہانیوں کے باعث اِس کا نام سُکَّرْدَانُ السُّلْطَان رکھا گیا مؤلّفِ کتاب ۷۸۹ھ (۱۳۸۷ء) میں فوت ہُوا (السُّکَّرْدَانِ ٤۲ : ۳)

سکن اَلْمَسْکُوْنَۃ: (سَکَنَ، یَسْکُنُ، سَکْنًا وَسُکْنیٰ) آباد (دنیا) (اَلْمَسْکُوْنَۃِ ۵۶ : ۸)

سلف اَسْلَفْتُمْ: (اِسْلَاف) تم نے پیشگی ادا کیا، تم نے آگے بھیجا (اَسْلَفْتُمْ ۸۴ : ۱۲)

سلق سَلَقُوْا: (سَلَقَ، یَسْلُقُ، سَلْقًا) انہوں نے پُشت کے بل لِٹایا، انہوں نے چت لِٹایا (سَلَقُوْنِیْ ۶۲ : ۵)

سلل یَسُلُّ: (سَلَّ، یَسُلُّ، سَلًّا) کھینچتا ہے، سُونتتا ہے (یَسُلُّ ۱۴ : ۵)

لَا تُسَلَّ: (کہ) نہ سُونتی جائیں (تُسَلَّ ۱۵:۵)

یَتَسَلَّلُوْنَ: (تَسَلُّل) (لفظی) کھسک جاتے ہیں، (مراد) دُور سے دیکھتے یا تاکتے ہیں۔ (یَتَسَلَّلُوْنَ ۴۳ : ۱۰)

سَلُوْل: بَنِیْ ھَوَازِن میں سے ایک قبیلے کا نام۔ سَلُوْل اصل میں ان کی ماں کا نام تھا (سَلُوْلَ ۵۰ : ۱۴)

سَلَاسِل: آہنی زنجیریں م سِلْسِلَۃ

(سَلَاسِلٌ ۳۱ : ٤)

سلم سَلَّمْتَ : (تَسْلِيْم) تو نے حوالے کردیا (سَلَّمْتَ ٤٩ : ۳)

أَسْلَمَ : (إِسْلَام) اسلام قبول کیا (أَسْلَمَ ٦٠ : ٤)

مُسْلِم : (إِسْلَام) چھوڑ دینے والا (مُسْلِمَةٌ ١٠٤ : ۳)

سُلَيْمَانَ بنِ عَبْدِ الْمَلِكِ : بنی اُمیّہ کے ساتویں خلیفہ تھے۔ ۹٦ھ (۷۱۵ء) میں اُن کے ہاتھ پر بیعتِ خِلافت ہوئی اور دو سال آٹھ ماہ کی خلافت کے بعد ۹۹ھ (۷۱۷ء) میں اُن کا انتقال ہوگیا۔ خلیفۂ سلیمان نے حضرت عمر بن عبد العزیز کو اپنا وزیر بنایا اور اپنے بھائی مسلمہ کو قسطنطنیہ فتح کرنے کے لیے ساز و سامان سے آراستہ کیا (سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ ٦٥ : ١٥، ١٦)

سمال اَلسَّمَوْءَل : یہودی نسل اور مذہب کا

ایک عرب، جو مدینۂ منورہ سے شمال کی طرف کچھ فاصلے پر مقام تَیْمَاء میں اپنے قلعے اَبْلَق میں رہا کرتا تھا۔ وہاں اُس نے میٹھے پانی کا ایک کُنواں بنوایا اور جو عرب اس کُنویں پر اترتے، ان کی مہمان نوازی کرتا۔ مسافر اُس کے محل سے رسد وغیرہ حاصل کرتے تھے (اَلسَّمَوْءَل ۴۸ : ۴)

سمح یَسْمَحَ: (سَمَحَ، یَسْمَحُ، سَمَاحَۃً) عطا کرے، بخشش دے (یَسْمَحَ ۹۸ : ۳)

سمر سَمِیْرٌ: افسانہ گو (سَمِیْرٌ ۱۰۸ : ۸)

سمع سَمْعًا = اَسْمَعُ سَمْعًا: میں سنتا ہوں (سَمْعًا ۴۷ : ۱۴)

سمن سَمْن: گھی، چربی ج سُمُوْن و اَسْمُن و سُمْنَان (السَّمْنِ ۹۹ : ۱۲)

سمو تَسَامٰی: (تَسَامٰی، یَتَسَامٰی، تَسَامِیًا) عُلُوِّ مرتبت میں سبقت لے جانے کی کوشش کی (تَسَامٰی ۵۰ : ۱۰)

سند مِسْنَد: گاؤ تکیہ ج مَسَانِد (مِسْنَدًا ۲۸ : ۱۵)

اِسْتَنَدتُّ : (اِسْتِنَاد) میں نے تکیہ لگا لیا (اِسْتَنَدتُّ ۲۸ : ۱۵)

سنن اَسْنَان : دانت م سِن (اَلْاَسْنَانُ ۱ : ۱۵)

اَسِنَّة : نیزوں کے پھل م سِنَان (اَلْاَسِنَّةُ ۱ : ۱۴)

سہل سَہْل : میدان ج سُہُول (اَلسَّہْلِ ۷۹ : ۶)

سہو سَہَا : (سَہَا ، یَسْہُو ، سَہْوًا و سُہُوًّا) غافل ہوگیا (سَہَا ۷ : ۱۵)

سوء مَسَاوِیٔ : بُرے اقوال ، بُرے افعال ، قبیح باتیں (اَلْمَسَاوِیَا ۶۴ : ۳)

تَسُوْءُ : (سَاءَ ، یَسُوْءُ ، سَوَاءً وَ سَوْءً وَ مَسَاءً وَ مَسَاءَةً) بُری لگیگی ، رنجیدہ کردیگی (تَسُوْءُکُمْ ۸۳ : ۱۰)

سود سُوْد : سیاہ ، کالے م اَسْوَد (سُوْدٍ ۴۵ : ۲)

سَوَاد : شخص (سَوَادٍ ۷۹ : ۱۷)

سور سُوْر : فصیل شہر ج اَسْوَار و سِیْرَان (سُوْر ۱۴ : ۳)

سُوِّرَتْ : اس کے اِرد گرد دیوار بنائی گئی ہے (سُوِّرَتْ ۸۲ : ۸)

سوع اَلسَّاعَةَ : ابھی ، اِس گھڑی (اَلسَّاعَةَ ۸۲ : ۱۳)

سوق یَسُوْقُ : (سَاقَ ، یَسُوْقُ ، سَوْقًا وَّ سِیَاقًا) ہانکتا ہے ، چلاتا ہے ، لاتا ہے (یَسُوْقُ ۶ : ۹)

سوی سَوِیّ : برابر (سَوِیًّا ۸۰ : ۱۵)

لَا سِیَّمَا : خصوصًا (لَاسِیَّمَا ۱۰۰ : ۵)

سیر سَائِرٌ : باقی (سَائِرُ ۴ : ۲)

سیل سُیُوْل : سیلاب م سَیْل (سُیُوْلٌ ۵۷ : ۱۳)

تَسِیْلُ : (سَالَ ، یَسِیْلُ ، سَیْلًا وَّ سَیَلَانًا) جاری ہوتے ہیں ، بہتے ہیں (تَسِیْلُ ۵۱ : ۵)

ش

شأن شَأْن : بات ، حال ج سُؤُوْن و شِئَان و شِئِیْن (شَأْنَکُمْ ۵ : ۷)

[شَأْنَکُمْ میں شَأْن مفعول بہ ہے ، جس کا فعل محذوف ہے - پوری عبارت یوں ہے : خُذُوْا شَأْنَکُمْ

جو جی چاہے، کرو]

شبب شَبَاب : ۱۶ برس سے ۳۰ برس تک کے جوان م شَابّ (شَبَابٌ ۵۰ : ۱۰)

شُبَّان : م شَابّ (دیکھو شَبَاب) (شُبَّانٍ ۸۴ : ۶)

شَبِیْبَة : نوجوانی (اَلشَّبِیْبَةِ ۴۴ : ۸)

شبح شَبْح : شکل، جسم، شخص ج اَشْبَاح (اَلشَّبْح ۱۷ : ۶)

شبک شَبَکَة : چوبی یا آہنی جالی ج شَبَاك و شَبَكَات (شَبَکَةٌ ۸۷ : ۱۶)

شحذ شَحَّاذُوْنَ : پیچھے پڑ جانے والے گداگر م شَحَّاذ ج شَحَّاذَة (اَلشَّحَّاذُوْنَ ۶ : ۲)

شخص شَخَصَ : (شَخَصَ، یَشْخَصُ، شُخُوْصًا) گیا (شَخَصَ ۵۲ : ۸)

شَخَصَتْ : آنکھیں اُبھر آئیں، ٹکٹکی بندھ گئی (شَخَصَتْ ۱۵ : ۲)

شدد شَدَّادُ بْنُ اَوْس : انصاری صحابی ہیں، اَبُوْ یَعْلٰی کُنیت اور حضرتِ حسّان بنِ

ثَابَت رَضِیَ اللہ عَنْہُ کے بھتیجے۔
بیت المقدس میں رہائش کرلی تھی۔
آپ کا شمار اہلِ شام میں ہوتا ہے
آپ نے شام میں ۵۸ھ میں ۷۵
برس کی عمر میں انتقال فرمایا۔ عُبادَۃ
ابن الصّامت اور ابُوالدّرداء رَضِیَ اللہُ
عَنہُمَا فرمایا کرتے تھے کہ شَدّاد اُن
لوگوں میں سے ہیں، جنہیں علم و حلم
عطا کیا گیا ہے (شَدَّادِ بن اَوْسٍ ۲۶ : ۲۰)

شرد شَرُوْد: گم کردہ راہ، ڈر کے مارے بھاگنے
والا (شَرُوْدٌ ۵۲ : ۱۳)

شرع شَارِع : بڑا راستہ، سڑک، محلّہ ج شَوَارِع
(شَارِعٍ ۴۷ : ۱۶)

شرف مَا اَشْرَفَ : (فعلِ تعجّب کا صیغہ) کیسا
شرف والا ہے! (مَا اَشْرَفَ ۷۹ : ۱)
(اَشْرَفَ عَلی : (اِشْرَاف) اوپر سے دیکھا
(اَشْرَفَ عَلَیْہِ ۴۹ : ۱)

شعب شُعُوْب : نسب کے بلند طبقات، جن کی
شاخوں کو قبائل کہتے ہیں (شُعُوْبًا ۱۱ : ۲)

شَعْبَانُ : آٹھواں عربی مہینہ ج شَعَابِيْن و شَعْبَانَات (شَعْبَانَ ۹۰ : ۵)

شعث أَشْعَثُ : خاک آلود ، بکھرے ہوئے بالوں والا ج شُعْث (اَشْعَثَ ۲۲ : ۱۶)

شعر شَعْرٌ : بال ج اَشْعَار و شُعُوْر و شِعَار (شَعْرُهُ ۳۴ : ۶)

لَمْ اَشْعُرْ : (شَعَرَ ، يَشْعُرُ ، شِعْرًا وَ شُعُوْرًا) مجھے معلوم نہیں ہوا ، میں نے محسوس نہیں کیا (لَمْ اَشْعُرْ ۷۰ : ۹)

شغل فی شُغُلٍ عَنْ : بے پرواہ ہونا (عَنِ..... فِی شُغُلٍ ۷۹ : ۱۰)

شفه ﻻ يُشَافِهُ : (مُشَافَهَة و شِفَاه) روبرو باتیں نہیں کرتے تھے ، مخاطب نہیں فرماتے تھے (لا يُشَافِهُ ۱۰۶ : ۸)

شقق شَقَقْتَ عَلَيَّ : (شَقَّ ، يَشُقُّ ، شَقًّا) تو نے مجھے مصیبت میں ڈال دیا ہے ، رنج پہنچایا ہے (شَقَقْتَ ۱۰۵ : ۱۹)

شکر شَاكِر : (شَكَرَ ، يَشْكُرُ ، شُكْرًا وَ شُكُوْرًا وَ شُكْرَانًا) شکر گذار ، قدر دان

رِشَاكِرٌ ۸۱ : ۵)

شکو شُکْر ، شُکْرٰی : بیماری (بِالشُّکْرِ ۹۳ : ۶-
لِشُکْرِكَ ۹۳ : ۷)

شہد شَهَادَتَانِ : دو گواہیاں ، یعنی ، توحید
و رسالت کا اقرار (بِالشَّهَادَتَيْنِ ۱۱ : ۱۳)

شہر اِشْتَهَرَ : (اِشْتِهَار) مشہور ہُوا (اِشْتَهَرَ
۱۷ : ۱۲)

شہو اِشْتَهَيْتُ : (اِشْتَهٰی، يَشْتَهِیْ ، اِشْتِهَاء)
مَیں نے خواہش کی (اِشْتَهَيْتُ ۳ : ۱۵)

شیأ شِئْنَا : (شَاءَ ، يَشَاءُ ، شَيْئًا وَ مَشِيئَةً)
ہم نے چاہا (شِئْنَا ۴۱ : ۲)

شیش شِيْش : نرم گٹھلی کی کھجور (اَلشِّيْشِ
۸۷ : ۱۶)

شیع اُشَيِّعُ : (تَشْيِيع) مَیں مشایعت کرتا
ہُوں ، رُخصت کرنے کو ساتھ جاتا ہُوں
(اُشَيِّعُ ۲۹ : ۱۵)

شیل شِيْلُوْا : (شَال ، يَشِيْلُ ، شَيْلًا) ہٹا دو
(شِيْلُوْا ۳۴ : ۳)

ص

صبب قَدْ صَبَبْتُ، (صَبَّ، يَصُبُّ، صَبًّا)
اُس نے (کھانا برتنوں میں) نکال لیا
ہے (قد صَبَبْتُ ۹۵ : ۱۷)
اَصُبُّ : (کہ پانی) گراؤں (اَصُبُّ ۲۹ : ۱۳)

صبح اِصْطَبَحَ : (اِصْطِبَاح) صبح کا کھانا کھایا،
ناشتہ کیا (اِصْطَبَحَ ۳۳ : ۱۱)

صبر صَبِرْ : ایک کڑوے پودے کا رس، ایلوا
(صَبِرًا ۱۳ : ۱۰)

صبو صِبْيَة : بچے م صَبِيّ (صِبْيَةٌ ۹۵ : ۸)

صحب صَاحِبْ : (مُصَاحَبَة) رفاقت کر
صَاحِبْهُمَا ۲٤ : ۱۳)
اِصْطَحَبَ : (اِصْطِحَاب) ساتھی بنا
(اِصْطَحَبَ ۱٤ : ۱۰)

صخر صُخُور : چٹانیں م صَخْرَة (صُخُورٌ ۱۶ : ۱۵)

صدر صَدْر : چھاتی ج صُدُور (صَدْرِ ۱۵ : ۵)
: عزت کا مقام، مجلس میں اعلیٰ
جگہ (صَدْرِ ۲۸ : ۱٤)

صدع صَدْع : دردِ سر (صَدْعٌ ۱۴ : ۱۵)

صدغ صدغ : کنپٹی ج اصداغ (صُدْغَيْهِ ۱۵ : ۱۰)

صدف صَادَفَتْ : (مُصَادَفَة) بالمقابل ہوئی صَادَقَتْ ۲۰ : ۵)

صدق مُصَادَقَة : مخلصانہ دوستی (مُصَادَقَةٌ ۳۲ : ۷)

صرخ يَتَصَارَخُوْنَ : (تَصَارُخ) چیختے چلاتے ہیں (يَتَصَارَخُوْنَ ۹۶ : ۹)

صرع صَرِيْع : پچھڑا ہوا، زمین پر لیٹا ہوا ج صَرْعیٰ (صَرِيْعًا ۱۷ : ۷)

صرف كَانَ يَصْرِفُ اِلیٰ : (صَرَفَ ، يَصْرِفُ، صَرْفًا) آپ بھیجا کرتے تھے (كَانَ يَصْرِفُ ۸۸ : ۸)

اِنْصِرَاف لوٹ جانا (اَرَادَ الْاِنْصِرَافَ ۷۴ : ۱۴)

اِنْصَرَفَ اِلیٰ : بالکل متوجہ ہوگیا (اِنْصَرَفَ ۷ : ۸)

صطب مِصْطَبَة : اونچی جگہ، پتھر کی بنچ (مِصْطَبَةٌ ۸۸ : ۳)

صعد صَعِید: مٹی ج صُعُد و صُعْدَان و
صُعُدَات (صَعِیداً ۱۹:۸۰)
اَصْعَدَ: (صَعِدَ، یَصْعَدُ، صُعُوداً وَ
صَعَداً وَ صُعُداً) (رکہ) چڑھوں
(لِاَصْعَدَ ۲ :۱٤)
مِصْعَاد: پاڑ (مِصْعَادِ ۷:۷)
صعر لا تُصَعِّرْ خَدَّكَ: اپنا گال نہ پھیر لینا،
بے رُخی نہ کرنا (لا تُصَعِّرْ ۸:۲۵)
صغر صِغَر: بچپن (اَلصِّغَرُ ۲۱: ٤)
صفف صُفَّة: چبوترہ ج صُفَف و صُفَّات
و صِفَات
اَهْلُ الصُّفَّة: چبوترے والے سائبان
والے - محتاج نو مسلموں کی جماعت،
جو علمِ دین سیکھنے کو آنحضرت صَلَّی
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ کی خدمت میں حاضر
رہتی تھی - حضرت اَبُو هُرَیْرَة رَضِیَ
اللّٰهُ عَنْهُ بھی انھیں لوگوں میں سے
تھے - ان میں سے کسی کے پاس چادر
اور تہمد دونوں چیزیں ایک ساتھ

مہیا نہ ہو سکیں۔ چادر کو گلے میں اِس طرح باندھ لیتے کہ رانوں تک لٹک آتی۔ کبھی دو دو دن کھانے کو کچھ نہ ملتا تھا۔ اکثر ایسا ہوتا کہ راتوں کو آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ان کو مہاجرین اور انصار پر تقسیم کر دیتے، یعنی، اپنے اپنے مقدور کے موافق ہر شخص ایک ایک دو دو کو اپنے ساتھ لے جائے اور ان کو کھانا کھلائے آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ ان لوگوں کا اس قدر خیال رکھتے تھے کہ جب ایک دفعہ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ سے آپ کی صاحبزادی حضرت فَاطِمَۃُ الزَّہْرَاء رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا نے درخواست کی کہ میرے ہاتھوں میں چکّی پیستے پیستے گھٹے پڑ گئے ہیں، مجھ کو ایک کنیز عنایت ہو، تو فرمایا کہ یہ نہیں ہو سکتا کہ مَیں تم کو دُوں اور صفے والے

بھوکوں مریں (اِلٰی اَہْلِ الصُّفَّۃِ ۸۸ : ۷)

صفو صَفْو: خالص، صاف (صَفْوًا ۴۱ : ۵)

اَلْمُصْطَفٰی : (اِصْطِفَاء) چیدہ ، برگزیدہ، آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کا لقب (اَلْمُصْطَفٰی ۹۲ : ۵)

صَفْوَانُ بْنُ اُمَیَّۃَ : آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے شدید ترین دشمنوں میں سے تھے۔ جب مکّہ فتح ہُوا ، تو بھاگ کر یمن کے ارادے سے جدّے چلے گئے۔ عُمَیْرؓ بن وھب نے حاضر خدمت ہوکر واقعہ بیان کیا۔ آپ نے عمّامۂ مبارک عنایت کیا اور فرمایا کہ یہ صَفْوَان کے لیے امان کی نشانی ہے۔ عُمَیْرؓ عمامۂ مبارک لے کر صَفْوَان کے پاس پہنچے اور کہا: "تمھیں بھاگنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تم کو امان ہے" چنانچہ صَفْوَانؓ خدمتِ اقدس میں حاضر ہوکر مسلمان ہوگئے (صَفْوَانَ بْنِ اُمَیَّۃَ بْنِ خَلَفٍ ۶۰ : ۳، ۴)

صقل صِقِلِّيَۃ: جزیرۂ سِسلی، جو اٹلی کے جنوب
اور افریقہ کے شمال میں واقع ہے
(صِقِلِّيَة ۱۷ : ۱۲)

صلب صُلْب: پیٹھ کی ہڈی ج اَصْلَاب و اَصْلُب
و صِلَبَة (صُلْبِہٖ ۱۵ : ۷)

صلح یَصْلُحُ: (صَلُحَ، یَصْلُحُ و صَلَحَ، یَصْلُحُ
صَلَاحًا وَّ صُلُوحًا وَّ صَلَاحِيَةً)
موزوں ہے، شان کے شایاں ہے
(لَا یَصْلُحُ ۳ : ۸)

صَلَاحُ الدِّیْن: سلطانِ مصر و شام
اور ایُّوبی خاندان کے بانی۔ آپ کے والد
اَیُّوب سلجوقی خاندان کے ماتحت دریاے
دجلہ کے قریب تِکْرِیْت کے گورنر تھے
سلطان صَلَاحُ الدِّیْن ۱۱۳۷ء میں
تِکْرِیْت ہی میں پیدا ہُوئے۔ پہلے آپ
نے امیرِ شام نُورُ الدِّیْن کی ملازمت
اختیار کی۔ ۱۱۶۷-۶۸ء میں مصر کی
مُہمّوں میں حصّہ لیا، پھر فاطمی خلیفہ
کے وزیرِ اعظم بنے اور بالآخر سلطان

مصر تسلیم کر لیے گئے۔ مشرقی اسلامی سلطنتوں کو رشتۂ اتحاد میں منسلک کرنے میں بڑی حد تک کامیاب رہے یورپ کی عیسائی طاقتوں نے متحد ہو کر مسلمانوں سے بَیْتُ الْمَقْدِس چھین لینے کی ٹھانی، تو مسلمانوں کی طرف سے سلطان صَلَاحُ الدِّین نہایت شجاعت سے لڑے اور عیسائی فوجوں کو بے نیلِ مرام واپس جانا پڑا۔ مختصر سی علالت کے بعد ۴ مارچ ۱۱۹۳ء کو دمشق میں انتقال فرمایا۔ تمام عالمِ اسلام نے آپ کا ماتم کیا۔ آپ کے دشمن بھی آپ کی شجاعت پابندیِ عہد، زہد، عدل اور عظمت کے قائل تھے۔ (صَلَاحِ الدِّینِ الْاَیُّوبِی ۳۵:۱۰، ۱۱)

صند دصِنْدِیْد : مضبوط دلیر ج صَنَادِیْد صِنْدِیْدًا (۱:۶)

صہرج مَهَارِیْج: پانی کے حوض م صِهْرِیْج

وَ صُهَارِج (اَلصَّهَارِيْج ۵۹ : ۱)

صهو صَهْوَة :
ج صِهَاء و صَهَوَات (صَهْوَة ۳۶ : ۱۳)

صوب تُصِيْبُوْا : (اصاب ، يُصِيْبُ ، اِصَابَةً) تم تکلیف پہنچادو ، (مراد) کسی قوم پر جا چڑھو (تُصِيْبُوْا ۸ : ۱۳)

صوت صِيْت : شہرت (صِيْتُهُ ۷۹ : ۲)

صون يَصُوْنُ : (صَانَ ، يَصُوْنُ : صَوْنًا وَ صِيَانًا وَ صِيَانَةً) بچاتا ہے ، نگہداشت کرتا ہے ۔ (يَصُوْنُ ۷۲ : ۵)

صَوَّان : ایک قسم کا سخت پتھر (اَلصَّوَّانِ ۸۲ : ۲)

صيد كَانُوْا يَصْطَادُوْنَ : (اِصْطَادَ ، يَصْطَادُ ، اِصْطِيَادًا) وہ شکار کرتے تھے (كَانُوْا يَصْطَادُوْنَ ۳۳ : ۱۳)

ض

ضبب ضَبَاب : دھند ، کہر ، ضَبَابَة (ضَبَاب ۱۱۰ : ۲)

ضجر يَضْجَرُوْا: (ضَجِرَ، يَضْجَرُ، ضَجَراً) (رکہ) رِق ہو جائیں؛ (رکہ) تنگ آجائیں (يَضْجَرُوْا ۹۶ : ۱۳)

اَضْجَرَ: (اِضْجَار) تنگ کر دیا، رِق کر دیا (اضجیر ۴۷ : ۵)

ضحو اَضْحٰی: (اِضْحَاء) چاشت کے وقت آیا، نمودار ہُوا

اَضْحٰی عَلَيْهَا: (جو دُنیا میں ظاہر ہُوئے (مُراد) دُنیا والے (اَضْحٰی عَلَيْهَا ۱۴ : ۷)

ضَوَاحِ: گرد و نواح، نواحی م ضَاحِيَة (ضَوَاحِيْهَا ۵۸ : ۱۹)

ضرب ضُرِبَ: (ضَرَبَ، يَضْرِبُ، ضَرْبًا (خیمہ) لگایا گیا (ضُرِبَ ۳۸ : ۸)

ضَرَبَان: ٹیس، چُبھن، کسک (ضَرَبَانٌ ۱۵ : ۴)

ضرر اَضَرَّبِهٖ: (اِضْرَار) اُسے ضرر پہنچایا (اَضَرَّ بِهٖ ۷۲ : ۹)

ضرس اَضْرَاس: ڈاڑھیں م ضِرْس (اَضْرَاسِ ۱۴ : ۱۶)

ضرع اِضْرَعْ : (ضَرَعَ ، يَضْرَعُ ، ضَرَاعَةً وَ ضَرِعَ ، يَضْرَعُ ، ضَرْعًا) فروتنی اختیار کر، عاجزی ظاہر کر، گڑگڑا (اِضْرَعْ ۳۰ : ۹)

ضعضع تَضَعْضَعْنَا : (تَضَعْضَعَ) ہم ذلیل ہو گئے ، ہم نے سر جھکا دیا (تَضَعْضَعْنَا ۴۰ : ۶)

ضعف اَضْعَاف : کئی گنا م ضِعْف (اَضْعَاف ۵۵ : ۱۵)

ضلل يُضْلِلْ : (اِضْلَال) جو گمراہ کردے (يُضْلِلِ ۸۰ : ۷)

ضَالَّة : ضَلَّ ، يَضِلُّ ، ضَلَالًا وَ ضَلَالَةً سے اسمِ فاعل ، گمراہ (ضَالَّةً ۸۰ : ۸)

ضمن ضَمِنَ : (ضَمِنَ ، يَضْمَنُ ، ضَمْنًا وَ ضَمَانًا) ضمانت دی ، ضامن ہوا (ضَمِنَ ۱۸ : ۲)

ضنی ضَنًى : بیماری ، لاغری (اَلضَّنٰی ۲۱ : ۶)
اَضْنٰی : (اِضْنَاء) کمزور اور ناتواں کردیا ،

کھولا دیا (اَضْنَاهُ ۷۲ : ۸)

ضیف اَضَافَ : (اِضَافَۃ) مہمان کیا (اَضَافَ ۵٤ : ۷)

: بڑھا دیا، اضافہ کر دیا (اَضَافَ ۷٦ : ۷)

ضِیْفَان : مہمان م ضَیْف (ضِیْفَانٌ ۵ : ۹)

اَضْیَاف : مہمان م ضَیْف (اَضْیَافِیْ ۵ : ۱۰)

ضیق ضَیِّق : تنگ (ضَیِّقٍ ۷ : ۱۰)

ضَاقَ : (ضَاقَ، یَضِیْقُ، ضِیْقًا) تنگ ہوگئی (ضَاقَ ٤۱ : ۱۱)

ضیم ضَیْم : ظلم ج ضُیُوْم (ضَیْمَهَا ۵۰ : ۵)

ط

طأطأ کَانَ یُطَاطِئُ : (طَاطَاۃ) (آپ سر جھکاتے تھے (کَانَ یُطَاطِئُ ۱۰۱ : ۱۲)

طبخ طَبَّاخ : باورچی (اَلطَّبَّاخ ۳ : ۳)

مَطْبَخ : باورچی خانہ ج مَطَابِخ (اَلْمَطْبَخ ۳ : ۷)

طَبِیْخ : پکا ہوا کھانا ج اَطْبِخَۃ (اَلطَّبِیْخ ۱۰۲ : ۱)

طحل طِحَال: تلی ج اَطْحِلَة و طُحُل و طِحَالَات (طِحَالِهِ ۱۵ : ۵)

طحن طَحِيْن : آٹا (طَحِيْنًا ۴۰ : ۴)

طرب يُطْرِبُ : (اِطْرَاب) طرب پیدا کردیتا ہے، خوش کر دیتا ہے (يُطْرِبُ ۱۳ : ۸)

طرح يَطْرَحُ : (طرح ، يَطْرَحُ ، طَرْحًا) لٹا دیتا، ڈال دیتا (يَطْرَحُ ۵۹ : ۱۲)

طرد اَطْرُدُ : (طَرَدَ، يَطْرُدُ ، طَرْدًا) میں ہٹاتا، میں دور کردیتا (اَطْرُدُ ۹۹ : ۵)

لَا اُطْرَدُ : میں نکالا نہ جاؤں گا (لَا اُطْرَدُ ۱۳۱ : ۲)

طرف طُرَف (مُطْرَفَة) : تازے پھل (بِالطُّرَفِ ۳۸ : ۱۶) ، نوادر (وَالطُّرَفِ ۷۶ : ۸)

طرق طَارِق : رات کو آنے والا ج طُرَّاق و اَطْرَاق (طَارِقِ ۵۱ : ۱۱)

مَطْرُوْق : آفت زدہ ، مصیبت زدہ (اَلْمَطْرُوْقُ ۹۳ : ۸)

طُرِقْتَ بِهٖ (طَرَقَ ، يَطْرُقُ ، طَرْقًا) مصیبت تجھ پر رات کو نازل ہوئی (طُرِقْتَ

بہ ۹۲: ۹)

طعن طَعَنَ : (طَعَنَ ، يَطْعَنُ ، طَعْنًا) نیزہ مارا (طَعَنَ ۱:۱٦)

طفل أَتَطَفَّلُ : (تَطَفُّل) (رکہ) طفیلی بنوں، بے بلائے جاؤں (أَتَطَفَّلَ ۲۸: ۸)

طلق اِنْطَلَقَ : (اِنْطِلَاق) (لوگ) گئے (اِنْطَلَقَ ۱۰٤ : ۱۹)

طلل طُلَّ : (طَلَّ ، يَطَلُّ ، طَلًّا وَ طُلَّ) (خون کا) قصاص نہیں لیا گیا (طُلَّ ۵۱: ٤)

طلی طِلَاء : تیل، روغن (طِلَاءٌ ۸ : ۱)

طمس يَطْمِسَ : (طَمَسَ ، يَطْمِسُ ، طَمْسًا) (رکہ) مٹادے (يَطْمِسَ ۸ : ۲)

طوع تَطَوَّعَ : (تَطَوُّع) اس نے اپنی خوشی سے کیا (تَطَوَّعَ ۸۱ : ٤)

طَاعَةً = أُطِيعُ طَاعَةً : مانتا ہوں، بسر و چشم (طَاعَةً ٤٦ : ۱٤)

طوق لَمْ يُطِقْ : (اطاق، يُطِيقُ ، إِطَاقَةً) اُسے طاقت نہ رہی (لَمْ يُطِقْ ۳۷ : ٤)

لَا أُطِيقُ : مجھے طاقت نہیں، ہیں طاقت

نہیں رکھتا (لَا اُطِیْقُ ۱۰۳ : ۱۶)

طول طُول : طول البلد (طُوْلِ ۵۴ : ۱۴)
[جو خط ، خطِ استوا کو عموداً کاٹتا ہوا قطبین سے گزرے ، اُسے خطِ نصف النہار کہتے ہیں ۔ نصف النہار ٹھیک دو پہر کو کہتے ہیں اور اس خط پر جتنے مقامات آتے ہیں ، وہاں سب جگہ ایک ہی وقت میں دو پہر ہوتی ہے اور سورج عین سَر پر نظر آتا ہے تمام خطوطِ نصف النہار اپنی اپنی باری سے سُورج کے سامنے آتے رہتے ہیں تمام اہل برطانیہ اپنا پہلا خطِ نصف النّہار اس فرضی خط کو مانتے ہیں ، جو گرینج سے ہوکر گزُرتا ہے ۔ گرینج مضافاتِ لنڈن میں ایک قصبہ ہے اور اسی مقام پر بہت بڑی سرکاری رصدگاہ بنی ہوئی ہے ۔ گرینج کے خطِ نصف النّہار سے °۱۸۰ درجے مشرق تک جو فاصلے ہیں ، وُہ سب اِس کے مشرقی طولُ البلد

کہلائینگے اور اسی طرح باقی نصف کرے کے تمام فاصلوں کو اس کے مغربی طول البلد میں شمار کیا جائے گا)

طیب اِسْتَطَابَ: (اِسْتَطَابَ، یَسْتَطِیبُ، اِسْتَطَابَۃً) پسند کیا، اچھا سمجھا (اِسْتَطَابَ ۲۸: ۱۷)

اَطَایِب: نہایت عمدہ، بہت نفیس م اَطْیَب (اَطَایِب ۳۶: ۷)

طیر تَطَیَّرْتُ: (تَطَیُّر) میں نے بُرا شگون لیا (تَطَیَّرْتُ ۳: ۱)

طیف طَیف: خیال (طَیْفُ ۱۴: ۶)

ظ

ظبو ظُبَات: تلواروں کی دھاریں، (مراد) تلواریں م ظُبَۃ (اَلظُّبَاتِ ۵۰: ۵)

ظرف مُسْتَظْرَف: نفیس، عمدہ (مُسْتَظْرَفٍ ۲۹: ۱۲)

ظعن ظُعُن: عماریاں، عماری نشین عورتیں ھ

ظَعِينَة (ظُعُن ۳۸ : ۶)

ظفر ظَفِرَ بِهٖ : (ظَفَرًا ، يَظْفَرُ ، ظَفَرًا) قابو پا لیا (ظَفِرَ ۴۲ : ۸)

ظلل تَظَلُّ : (ظَلَّ ، يَظَلُّ ، ظَلًّا وَ ظُلُولًا) تو...... رہتا ہے (تَظَلُّ ۲۱ : ۹)

ظلم ظُلْم : نا انصافی (ظُلْمٌ ۲۴ : ۷)

ظُلَامَة : ظلم ، نا انصافی (ظُلَامَةٍ ۱۰۰ : ۴)

ظَلَام : تاریکی (اَلظَّلَامُ ۱۶ : ۵)

ظهر ظَهر : پشت ، سطح ج ، ظُهُور و أَظْهُر و ظُهْرَان (ظَهْرَ ۴۱ : ۱۲)

ظَهِيرَة : دوپہر (اَلظَّهِيْرَةُ ۵۹ : ۱۲)

يُظْهِرَ : (اِظْهَار) (رکہ) غالب کردے (يُظْهِرَ ۱۰۴ : ۸)

تَظَاهَرَ : (تَظَاهُر) ظاہر ہوا (تَظَاهَرَ ۶ : ۸)

يَسْتَظْهِرُ عَلٰی : (اِسْتِظْهَار) غالب آجاتا ہے (يَسْتَظْهِرُ عَلٰی ۱۸ : ۱۷)

ع

عبد عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْمُبَارَك : ۱۱۸ھ (۷۳۶ء) میں پیدا ہوے اور ۱۸۱ھ (۷۹۸ء) میں اِنتقال فرمایا۔ علم و زُہد کے لیے مشہور اور فاضل علماے اِسلام میں سے تھے۔ سفیان ثوریؒ اور امام مالکؒ سے علمِ فقہ پڑھا۔ خلوت کے بہت دلدادہ تھے۔ آپ اور آپ کے والدِ ماجد دونوں بہت متقی تھے۔ شعر بھی کہتے تھے۔ آپ کا یہ قول بہت مشہور ہے: تَعَلَّمْنَا الْعِلْمَ لِلدُّنْیَا فَدَلَّنَا عَلٰی تَرْكِ الدُّنْیَا (عَبْدُ اللّٰہِ ابْنُ الْمُبَارَكِ ۷۹ : ۱۳)

عَبِید : مملوک، غلام ، عَبْد (اَلْعَبِیْدِ ۵۷ : ۷)

مُتَعَبِّد : عبادت کرنے والا (اَلْمُتَعَبِّد ۳۰ : ۳)

عتب عَاتَبَ : (عِتَاب، مُعَاتَبَة) عتاب کیا (عَاتَبَ ۴۳ : ۱۲)

عتد عَتِید : حاضر و تیار (عَتِیدٌ ۸۱ : ۱۱)
عتق اَعْتَقَ : (اِعْتَاق) آزاد کر دیا (اَعْتَقَ ۶۰ : ۱۵)
عتم مَاعَتَّمَ اَنْ = مَالَبِثَ اَنْ : نہ ٹھہرا (عَتَّمَ ۳۶ : ۱۶)
عثر عثرات : لغزشیں م عَثْرَۃ (عَثَرَاتِ ۶۸ : ۱۰)
عثم عُثْمَان : حضرت عُثْمَان بْنِ عَفَّان رَضِیَ اللہُ عَنْہُ خلفائے راشدین میں سے تیسرے خلیفہ اور آنحضرت صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے داماد تھے۔ پہلے آپ کی شادی آنحضرتؐ کی صاحبزادی حضرت رُقَیَّۃؓ سے اور حضرت رُقَیَّۃؓ کے انتقال کے بعد دوسری صاحبزادی حضرت اُمِّ کُلْثُومؓ سے ہوئی۔ اسی لیے آپ کو ذُو النُّوْرَیْن (دو نوروں کا مالک) کہا جاتا ہے۔ حضرت عُمَر رَضِیَ اللہُ عَنْہُ کے بعد آپ خلیفہ منتخب ہوئے۔ آپ کے عہدِ خلافت

میں خُراسان، کِرمان، سجستان، کابُل اور افریقہ کے علاقے فتح ہُوئے۔ ۳۰ھ میں آپ نے حضرت ابُوبکرؓ والے قرآن کی نقول مختلف اسلامی علاقوں میں بھیج دیں تاکہ لوگوں میں اختلافِ قراءت کا احتمال نہ رہے آپ بہت مالدار، نہایت سخی اور بہت باحیا تھے۔ آپ نے تقریباً ۱۲ سال خلافت کی (عُثمَانَ ۸۹: ۱۴)

اَلعُثمَانِیُّ: آلِ عثمان، یعنی، ترکی حکمران خاندان سے تعلق رکھنے والا (اَلعُثمَانِیُّ ۹۰: ۱۲)

عجز عَجُوزٌ: بڑھیا ج عُجُز و عَجَائِز (العجوز ۷۹: ۱۳)

عجم اَلعَجَمِیُّ: عَجَم کا، عجمی (اَلعَجَمِیِّ ۹۰: ۱۸)

عدد عَدِیدٌ: تعداد، عدد (عَدِیدٌ ۵۰: ۷)

مَعَدّ: عدنان کا بیٹا، عرب کے اکثر قبائل کا جدِّ اعلیٰ (مَعَدٍّ ۴۰: ۹)

عدو یَعدُو: (عَدَا، یَعدُو، عَدوًا وَ عَدوَانًا

دوڑتا ہے (یَعْدُوْ ۳۶ : ۱۳)
تَعَدّٰی : (تَعَدّٰی ، یَتَعَدّٰی ، تَعَدِّیًا)
تجاوز کیا (تَعَدَّاھَا ۹۸ : ۱۸)
عذب یَسْتَعْذِبُ : (اِسْتِعْذَاب) شیریں
سمجھتا ہے (یَسْتَعْذِبُ ۲ : ۱۱)
عذر عَذْرَاء : کنواری ج عَذَارٰی و عَذَارِیْ
(اَلْعَذْرَاءُ ۱۰۲ : ۵)
عرب اَعْرَاب : صحرا نشین لوگ ، بدو م اَعْرَابِیّ
(اَلْاَعْرَاب ۹۵ : ۴)
عربد عِرْبِیْد : کج خلق ، درشت مزاج ،
شدید الغضب (عِرْبِیْدًا ۲۸ : ۳)
عرض عَرْض عرض البلد (عَرْضِ ۵۴ : ۱۳)
[کرۂ ارض پر کسی خاص مقام کی جگہ
معیّن کرنے کے لیے خطِ استوا کو
ایک معیاری خط مان لیا گیا ہے۔
اس کے شمال اور جنوب میں ایسے
خطوط کھینچے گئے ہیں ، جو خطِ استوا
سے بھی متوازی ہوں اور آپس میں
ایک دوسرے سے بھی۔ چونکہ خط استوا

سے اِن خطوط کے فاصلے کو عرض البلد
کہتے ہیں ، اس لیے خود اِن خطوط کا
اصطلاحی نام دوائرِ عرض البلد ہے۔
خطِ استوا پر جو مقام ہو ، اُس کا
اِس خط سے کوئی فاصلہ نہیں ہو
سکتا ۔ اِس لیے خطِ استوا کا کوئی
عرض البلد نہیں ۔ قطبِ شمالی کا
عرض البلد ۹۰° شمالی ہے اور قطبِ
جنوبی کا ۹۰° جنوبی]

عِرْض : عزت ، آبرو ج اَعْرَاض (عِرْضِہٖ ۲۳ : ۹ - عِرْضُہٗ ۵۰ : ۳)

مَعْرِض : نمائش ج مَعَارِض (اَلْمَعْرِضِ ۵۶ : ۱۱)

لَمْ تَعْرِضْنِیْ : (عَرَضَ ، یَعْرِضُ ، عَرْضًا) تونے پیش نہ کیا (لَمْ تَعْرِضْنِیْ ۹۷ : ۸)

عرف

مَعْرُوْف : موزوں ، مناسب (مَعْرُوْفًا ۲۴ : ۱۶)
: نیکی ، احسان (لِمَعْرُوْفِكَ ۴۶ : ۱۲)

عَوَارِف : نیکیاں ، احسانات مَعَارِفَۃ

(عَوَارِفُ ۲۱ : ۱۰)

مَعَارِف : شرفا، اُمرا (مَعَارِفِ ۲۶ : ۱۷)

عری عُرْی : جس پر زین کسی ہوئی نہ ہو (عُرْیٍ ۱۰۵ : ٤)

عزز عُزّٰی : قدیم عرب میں ایک بُت کا نام تھا (اَلْعُزّٰی ۶۰ : ۱)

اَعَزّ : عَزِیْز کا صیغۂ اَفْعَلُ التَّفْضِیل، بہت طاقتور (اَعَزُّ ۳۷ : ۱۵)

اَعَزَّ : (اِعْزَاز) (دُعائیّہ) غالب کرے (اَعَزَّ ۳ : ۹)

عزف عَزِیْف : جنّوں کی مفروضہ آواز، جو رات کو صحرا میں سنائی دیتی ہے، کرخت آواز (عَزِیْفَ ۱۳ : ۷)

عَزْف : راگ، گیت (عَزْفًا ۱۳۰ : ۷)

عزل عَزْل : معزول ہونا، کسی منصب سے بر طرف ہو جانا (عَزْلُهٗ ۷۱ : ۱۰)

عسکر عَسْکَر : لشکر، فوج ج عَسَاکِر (بِعَسْکَرِہٖ ۴۸ : ۱۲)

مُعَسْکَر : لشکر گاہ (مُعَسْکَرِ ۳۶ : ۱۳)

عسو عَسٰی : عجب نہیں ، ممکن ہے (عَسٰی ۱۰:۵)
[عَسٰی افعالِ مقاربہ میں سے ہے
یہ اپنے اسم کو رفع دیتا ہے اور اس
کی خبر ہمیشہ فعلِ مضارع ہوتی ہے۔
عَسٰی خبر کے وقوع کی اُمید دلاتا ہے،
جیسے عَسٰی زَیْدٌ اَنْ یَّخْرُجَ ، اُمید ہے
کہ زید نکلے]

عشر عِشْرَۃ : رفاقت ، مصاحبت ، معاشرت
(اَلْعِشْرَۃِ ۱۰۶:۱۶)

عصف عَصَفَتْ : (عَصَفَ ، یَعْصِفُ ، عَصْفًا وَّ
عُصُوْفًا) (آندھیاں) شدت سے چلیں
(عَصَفَتْ ۱۳:۴)

عصم عِصْمَۃ : حفاظت (عِصْمَۃٌ ۲۷:۳)
عَاصِمَۃ : دارالسلطنت ج عَوَاصِم (عَاصِمَۃٌ ۵۴:۱۴)
عَاصِمُوْنَ : (عَصَمَ ، یَعْصِمُ ، عَصْمًا)
بچانے والے ، حفاظت کرنے والے
(اَلْعَاصِمُوْنَ ۴۱:۳)
اَلْمُعْتَصِم : محمد نام ، ابو اسحاق کُنیت ،
خلیفہ ہارون الرشید کے صاحبزادے

خلیفۂ مأمون کے بھائی اور بنی عبّاس کے آٹھویں خلیفہ تھے۔ ۲۱۸ھ سے ۲۲۷ھ تک خلافت کی۔ خلیفۂ مأمون نے ۲۱۲ھ میں اپنے اِس عقیدے کا اعلان کیا کہ قرآن مخلوق ہے اور اپنے ولی عہد مُعْتَصِم کو تاکید کردی کہ میرے بعد اُن علما پر سختی کرنا، جو خلقِ قرآن کے قائل نہ ہوں۔ امام اَحْمَد بن حنبلؒ کو اسی سلسلے میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنی پڑیں۔ خلیفۂ مُعْتَصِم امام صاحب کو قید خانہ سے بُلوا کر تازیانوں سے پٹواتے اور مجبور کرتے کہ آپ قرآن شریف کو مخلوق کہیں۔ اِمامِ موصوف کوڑے کھاتے کھاتے بیہوش ہو ہو جاتے اور تقریباً ڈھائی برس اس سختی کو برداشت کرتے رہے (اَلْمُعْتَصِم ۱:۴)

عصی عِصْیٰنًا: (عَصٰی، یَعْصِیْ، عَصْیًا وَ

مَعْصِيَۃً) ہماری نافرمانی کی گئی ، ہماری بات نہ مانی گئی (عُصِيْنَا ۱۴ : ٤)

عضد يَعْضُدُ : (عَضَدَ ، يَعْضُدُ ، عَضْدًا) مدد کرتا ہے (يَعْضُدُ ۳۰ : ۱۰)

عضض عَضَّ : (عَضَّ ، يَعَضُّ ، عَضًّا وَّ عَضِيْضًا) دانت سے کاٹ (عَضَّ ۱ : ۹)

عطف مِعْطَف : کوٹ ، لمبا کوٹ (مِعْطَفَۃٌ ۱۶ : ۱۶)

اِسْتَعْطِف : (اِسْتِعْطَاف) نرمی سے مائل کر (اِسْتَعْطِف ۳۲ : ۱۲)

عطل تَعَطَّلَ : (تَعَطُّل) بے کار رہا (تَعَطَّلَ ۶ : ۱۰)

عطو اَعْطِ : (اَعْطٰی ، يُعْطِي ، اِعْطَاءً) عطا کر بخش (اَعْطِ ۶ : ۳)

عظم عَظُمَ عَلٰى : (عَظُمَ ، يَعْظُمُ ، عِظَمًا وَّ عَظَامَۃً) شاق گزرا ، تکلیف دہ ثابت ہوا (عَظُمَ عَلٰى ۱۰۳ : ۱۱)

عفو عُفَاۃ : طالبانِ رزق مُعَافٍ (اَلْعُفَاۃِ ۸۸ : ۷)

عقب عِقَاب : سزا (اَلْعِقَابُ ۱۲ : ۸)

اَعۡقَبَ: (اِعۡقَاب) نیک جزا دینا، اچھا معاوضہ دینا (اَعۡقَبَ ۷۴ : ۳)

عقل اَعۡقِلَ: (عقل، یَعۡقِلُ، عقلًا) (ض) اونٹ کا گھٹنا باندھوں (اَعۡقِلَ ۸۲ : ۱۰)

عکرم عِكۡرِمَة: ایک سخی اور رئیس آدمی تھا، جو کچھ مدت تک جزیرے کا گورنر رہا پھر خلیفۂ سلیمان بن عبد الملک نے اسے ارمینیا کی ولایت میں منتقل کردیا۔ کثرتِ کرم کے باعث "فیّاض" مشہور تھا۔ ۱۰۲ھ (۷۳۱ء) میں فوت ہوا (عِكۡرِمَةُ ۶۶ : ۱۴)

علل عِلَل: امراض، بیماریاں م عِلَّة (اَلۡعِلَلِ ۶ : ۷)

عُلَالَة: بہانہ (عُلَالَةً ۹۶ : ۱۳)

تُعَلُّ: (عَلَّ، يَعِلُّ، عَلًّا وَ عَلَلًا وَ تَعِلَّةً) تجھے دوسری بار پلایا جاتا ہے، تجھے بار بار پلایا جاتا ہے (تُعَلُّ ۹۳ : ۵)

عَلِّلِي: (تَعۡلِيل) بہلائے رکھ، مشغول رکھ باتوں میں لگائے رکھ (عَلِّلِي ۹۹ : ۱)

علم أَعْلَامٌ : جھنڈے م عَلَم (أَعْلَامٍ ۴۵ : ۱)
عَلٰمٰتٍ : نشانیاں م عَلَامَة (عَلٰمٰتٍ ۸۳ : ۱۷)

علو عَلَا : (علا ، يَعْلُوْ ، عُلُوًّا) سوار ہُوا (عَلَا ۳۶ : ۱۲)

يَعْلُوَ بِالسَّيْفِ : (کہ) تلوار سے ضرب لگائے ، تلوار سے حملہ کرے (يَعْلُوَ بِالسَّيْفِ ۴۳ : ۱)

عُلْوِیّ : بالائی (اَلْعُلْوِيِّ ۷ : ۲)

عمد عَمُوْد : لاٹھی ، عطا ج أَعْمِدَة وعَمَد و عُمُد (عَمُوْدَ ۲ : ۴)

عُمُد : ستون م عَمُوْد (عُمُدٍ ۸۶ : ۵)

عمر عَامِر : سَلُوْل کی مانند ایک مشہور اور بہادر قبیلے کا نام (عَامِرٌ ۵۰ : ۱۴)

عَامِرَة : آباد (عامِرَة ۵۵ : ۱۰)

عِمَارَات : بستیاں ، آبادیاں م عِمَارَة (اَلْعِمَارَاتِ ۸۳ : ۱۹)

عَمَّار : ایک جلیل القدر صحابی ، جنھیں اسلام لانے کے باعث مخالفین طرح طرح کی تکلیفیں پہنچایا کرتے تھے۔

یمن کے باشندے تھے۔ آپ کے والد یاسر رضؓ مکّے میں آئے، تو ابُو حذیفہؓ نے اپنی کنیز سُمیّہ سے ان کی شادی کردی۔ عمّار، سُمیّہ کے بطن سے پیدا ہُوئے (عمّار ۱۔ ۶۔ ۱۲)

عَمْرو بْنُ کُلْثُوم: زمانۂ جاہلیّت کا ایک بڑا فصیح و بلیغ شاعر، جو قبیلۂ تَغْلِب میں سے تھا۔ بنُو تَغْلِب کے نزدیک اس کے اشعار کی خاص عظمت تھی اور اسی لیے سب چھوٹے بڑے تغلبی اس کے اشعار زبانی یاد رکھا کرتے تھے۔ اس کی نظم، جس کا انتخاب سبق ۲۵ میں دیا گیا ہے، سبع معلقات میں شامل ہے (عَمْرو ابْنُ کُلْثُوم ۷ : ۳۷)

عَمْرو بْنُ ہِنْد: حِیْرَہ کا بادشاہ، جس نے ۵۵۴ء سے ۵۶۹ء تک حکومت کی۔ اس کے زمانے میں حِیْرَہ ایک علمی مرکز بن گیا تھا۔ اس زمانے کے

مشہور شعرا اس کے دربار میں آتے
جاتے تھے۔ عرب اس سے بہت
خائف رہتے تھے (عَمْرِو بْنِ هِنْدٍ
۳۷ : ۸)

عمل عَمَل : گورنری ، عملداری (عَمَلِهٖ ۲۶ : ۱۲)
عهد مَا عَهِدْتُّ : (عَهِدَ : يَعْهَدُ : عَهْدًا)
جو (سلوک) میں نے اُن کی طرف سے
دیکھا تھا (مَا عَهِدْتُّ ۶۶ : ۹)
عود عُدْتُّ : (عَادَ ، يَعُوْدُ ، عَوْدًا وَّ عَوْدَةً وَّ
مَعَادًا) میں لوٹا (عُدْتُّ ۳ : ۳)
مَعَاد : واپس جانا ، لوٹنا (مَعَادِيْ
۲۷ : ۵)
مُعَوَّدَة : (تَعْوِيْد) عادی خوگر (مُعَوَّدَةً
۵۱ : ۱۵)
عَاوَدَ : (مُعَاوَدَةً وَّ عِوَادًا) دوبارہ آیا
دوبارہ طلب کیا (عَاوَدَ ۴۸ : ۹)
اَعَادَ : (اَعَادَ ، يُعِيْدُ ، اِعَادَةً) لوٹا دیا ،
واپس کردیا (اَعَادَ ۳۷ : ۱)
تَعَوَّدَ : (تَعَوُّد) عادی ہوگیا (تَعَوَّدَ ۶ : ۱۲)

عور اَعْوَر: کانا ج عُوْر و عُوْرَان (اَعْوَرُ ۵۲:۱۱)

عول عُلْتُ: (عَالَ، يَعُوْلُ، عَوْلٌ وَ عِيَالَةٌ وَ عُؤُوْلٌ) مَیں نے پرورش کی، روزی بہم پہنچائی (عَلْتُ ۹۳:۴)

يُعْوِلُوْنَ: (اِعْوَال) چیختے چلاتے ہیں۔ (يُعْوِلُوْنَ ۹۵:۸)

عَوِيْل: چیخ پکار، رونا دھونا (اَلْعَوِيْلِ ۹۶:۱۴)

عوم عَامَيْن: دو برس م عَام ج اَعْوَام (عَامَيْنِ ۲۴:۱۰)

عون اَعْوَان: مددگار، خدّام، مسلح محافظ م عَوْن (اَعْوَانِهٖ ۳۶:۸)

عير تُعَيِّرُ: (تَعْيِيْر) (بیوی) سرزنش کرتی ہے (تُعَيِّرُ ۵۰:۷)

عين عَيْنُ زُبَيْدَةَ: نہرِ زُبیدہ (عَيْنِ زُبَيْدَةَ ۵۹:۳)
[زُبیدہ خلیفۂ ہارونؔ الرشید کی بیوی اور خلیفۂ اَمین کی والدہ تھیں بہت مُخَیِّر خاتون تھیں۔ دجلے کا پُل اور نہرِ زُبَیدہ انھیں نے تعمیر کرائی]

اَعْيَان: رُؤسا، اُمرا م عَيْن (اَعْيَانِ ۷۱:۱۱)

عُیُوْن : آنکھیں ، محافظ ، جاسوس م عَیْن
(اَلْعُیُوْنُ ۹۶ : ۱)

غ

غیب غَابٌ : باسی گوشت (اَلْغَابَ ۵ : ۱۰)
غبر اَغْبَر : غبار آلود (اَغْبَرَ ۲۳ : ۱)
غدر غَدْر : بے وفائی ، غدّاری (اَلْغَدْرَ ۱۸ : ٤)
غدو اَلْغَد : کل فردا اگلادن (اَلْغَدُ ۵ : ۸)
غذو غَذَوْتُ : (غَذَا ، یَغْذُوْ ، غَذْوًا) میں نے کھلایا (غَذَوْتُ ۹۳ : ٤)
غرب غُرَاب : کوّا ج اَغْرُب و غُرْب و غِرْبَان و اَغْرِبَة (غُرَابٍ ۱۸ : ۱۸)
غرر غُرّ : واضح ہیں ، کھلے ہوئے م غُرَّة (اَلْغُرُّ ۲۱ : ۱۱)
غرم غَرِمْتُ : (غَرِمَ ، یَغْرَمُ ، غُرْمًا وَ غَرَامَةً وَ مَغْرَمًا) میں نے ادا کیا (غَرِمْتُ ۳ : ۱٦)
غُرَمَاء : ساہوکار ، قرض خواہ غَرِیم (غُرَمَاءَ ٦۹ : ١٤)

غزو مَغَازٍ : جنگیں م مَغْزًی (اَلْمَغَازِیْ ۷:۹٤)

غشی غَشَیَان : (غُشِیَ عَلَیْہِ غُشْیًا وَّ غَشَیَانًا) بے ہوش ہونا، بے ہوشی (غَشَیَاتِہٖ ۱۵:۱۱)

غصص غَاصَّۃ : (غَصَّ ، یَغُصُّ ، غَصَصًا) بھرا ہوا غَاصَّۃٌ ۸۹:۱۷)

غضض یَغُضُّوْا : (غَضَّ ، یَغُضُّ ، غَضًّا) وہ (اپنی نظریں) نیچی رکھیں (یَغُضُّوْا ۸۲ : ۳)

اُغْضُضْ : پست کر ، نیچی رکھ (اُغْضُضْ ۲۵ : ۱۱)

غضی اِغْضَاء : (اَغْضٰی ، یُغْضِیْ ، اِغْضَاءً) چشم پوشی کرنا، نظر ہٹا لینا (اَلْاِغْضَاءُ ۱۰۶ : ۲)

غطی مُغَطًّی : (غَطّٰی ، یُغَطِّیْ ، تَغْطِیَۃً) ڈھکا ہوا ، چھپا ہوا (مُغَطًّی ۸۶ : ٤)

غلظ غِلْظَۃ : درشتی ، سختی (غِلْظَۃٌ ۹۳ :٤)

غلق اَغْلَقَ : (اِغْلَاق) بند کر دیا (اَغْلَقَ ۶۶ : ۱۱)

غلی تَغْلِیْ : (غَلٰی ، یَغْلِیْ ، غَلْیًا وَ غَلَیَانًا)
جوش کھاتی ہے (تَغْلِیْ ٤ : ٨)

غمد تُغْمَدَ : (غَمَدَ ، یَغْمِدُ ، غَمْدًا) نیام
میں کی جائیں (نُغْمَدَ ١٥ : ١٦)

غمز غَمَزَ : (غَمَزَ ، یَغْمِزُ ، غَمْزًا) چھوا ،
ٹٹولا (غَمَزَ ٣٤ : ١٥)

غنم غَنَم : بھیڑ بکریاں ج اغنام و غُنُوْم
(غَنَمًا ١٠٥ : ١٠)

غنی غَنِیٌّ : بے نیاز ج اَغْنِیَاء (غَنِیٌّ ٢٤ : ٥)
تَسْتَغْنِیْ : (اِسْتَغْنٰی ، یَسْتَغْنِیْ ، اِسْتِغْنَاءً)
بے نیاز ہوتے ہیں (تَسْتَغْنِیْ
٧٩ : ٤)

غیب لَا یَغْتَبْ : (اِغْتَابَ ، یَغْتَابُ ، اغتیابًا)
پیٹھ پیچھے بُرا نہ کہے (لَا یَغْتَبْ ١١ : ١)

غیر غِیَر : انقلاباتِ زمانہ (اَلْغِیَرُ ٢١ : ٥)

ف

فأد فُؤَاد : دل ج اَفْئِدَة (اَلْفُؤَاد ١٤ : ٨١)
فتت فَتَتتُّ : (فَتَّ ، یَفُتُّ ، فَتًّا) میں نے

اُنگلیوں سے ٹکڑے ٹکڑے کیا (فَتَّتٌ ۸:۴)

فتر فَتَرَتْ : (فَتَرَ ، یَفْتُرُ ، فُتُوْرًا وَ فُتَارًا) سُست یا ڈھیلے پڑ گئے (فَتَرَتْ ۱۵ : ۱)

فتش یُفَتِّشَ عَلٰی : (تَفْتِیش) (رکہ) دریافت کرے ، پُوچھے (یُفَتِّشَ عَلٰی ۹۷ :۱۶)

فجأ فُجَاءَۃ : ناگہانی طریق پر آجانا (فُجَاءَۃِ ۲۶ : ۱۵)

فخر فَخُوْر : شیخی خورا (فَخُوْرًا ۲۵ : ۱۰)
تَفَاخُر : کارناموں پر فخر کرنا (اَلتَّفَاخُرِ ۴۰ : ۲)

فرت اَلْفُرَات : عراقِ عرب کا دریا ، جو دریائے دجلہ سے مل کر خلیج فارس میں جا گرتا ہے (اَلْفُرَاتِ ۳۸ : ۹)

فرج فَرَّجْتَ : (تَفْرِیْج) تُو نے کھول دیا ، (مُراد) رفع کیا (فَرَّجْتَ ۲۹ :۶)

فردس فِرْدَوْس : باغ ، جنّت ج فَرَادِیس (فِرْدَوْسِی ۱۴ : ۴)

فرس فَارِس : سوار ج فُرْسَان و فَوَارِس

فَارِسًا ۱ : ٦)

اَفْرَس : سب سے بڑا شہسوار (اَفْرَسُ ۳۷ : ۱٦)

فسح تَفَسَّحُوْا : (تَفَسُّح) کھل کر بیٹھو (تَفَسَّحُوْا ۱۰ : ٤)

فرق تَفَرَّقَ : (تَفَرُّق) بکھر جاتا (تَفَرَّقَ ۵٤ : ۱)

فزع فَزِعَ : (فَزِعَ ، يَفْزَعُ ، فَزَعًا) ڈر گیا (فَزِعَ ۱۰٤ : ۱۸)

فسق فَاسِق : بد کردار ، فاجر ج فَسَقَة و فُسَّاق و فَاسِقُوْن (فَاسِقٌ ۸ : ۱۳)

فصص فَصّ : نگینہ ج فُصُوْص و اَفُصّ (اَلْفَصُّ ۸ : ۲)

فصل مَفَاصِل جوڑ م مَفْصَل (مَفَاصِلُ ۳٤ : ۱۹)

فِصَال : دودھ چھڑانا (فِصَالُهٗ ۲٤ : ۱۰)

يَفْصِلُ : (فَصَلَ ، يَفْصِلُ ، فَصْلًا) علٰحدہ کرتا ہے (يَفْصِلُ ۸۹ : ۳)

فضل فَضَائِل : خوبیاں م فَضِيْلَة (فَضَائِلِهٖ ۱۲ : ۱۷)

فَضَلَ عَلٰى : (فَضَلَ ، يَفْضُلُ و فَضِلَ ، يَفْضَلُ ، فَضْلًا) ذمے نکلا (فَضَلَ

عَلَيۡهِ (۷۱ : ۱۵)

(كَانَ) يَتَفَضَّلُ عَلَيۡهِمۡ : ان پر مہربانی کیا کرتا تھا (يَتَفَضَّلُ عَلَيۡهِمۡ ۶۶ : ۵)

مُتَفَضِّل : مہربانی کرنے والا ، احسان کرنے والا (اَلۡمُتَفَضِّلُ ۹۳ : ۱۵)

فضو اَفۡضَتۡ اِلٰی : (اَفۡضٰی ، يُفۡضِیۡ ، اِفۡضَاءً) پہنچی (اَفۡضَتۡ ۴۴ : ۳)

فطر اِفۡطَار : روزہ کھولنا ، روزہ نہ رکھنا (اَلۡاِفۡطَارُ ۱۸ : ۶)

فطم فِطَام : دودھ چھڑانا ، دودھ چھڑانے کا وقت (اَلۡفِطَامَ ۴۷ : ۱۳)

فعل فَعۡلَة : برا کام ، نا مناسب بات (فَعۡلَتِهٖ ۸ : ۴)

فَعَال : اچھا کام ، عمدہ کام (فَعَالِ ۷۴ : ۴)

فَعُوۡل : بہت کام کرنے والا (فَعُوۡلَ ۵۱ : ۱۰)

فعو اَلۡاَفۡعٰی : اَلۡاَفۡعٰی بن اَلۡاَفۡعٰی جُرۡهُمِی ، حکمائے عرب میں سے تھا ۔ حجاز کے شہر نجران کا والی اور اپنی عقل و ذہانت کے باعث بہت مشہور تھا ۔ اپنے باپ کی

میراث کے متعلق بَنُو نزار نے اپنا قضیہ فیصلے کے لیے اسی کے سامنے پیش کیا تھا۔ مسیح عَلَیْہِ السَّلَام سے پہلے چوتھی اور تیسری صدی کا درمیانی زمانہ پایا (اَلْاَفْعٰی ۵۲ : ۷)

فکر فَکَّرَ : (تَفْکِیْر) سوچا (فَکَّرَ ۴۷ : ۱۰)

فکک تُفَکَّ : (اِنْفَکَّ، یَفُکُّ، فَکًّا) کھولی جائیں (تُفَکَّ ۷۴ : ۷)

فلت اِنْفَلَتَتْ : (اِنْفِلَات) چھوٹ گئی، ہاتھ سے نکل گئی (اِنْفَلَتَتْ ۴ : ۱۰)

فلل فُلُوْل : دندانے دم فَلّ (فُلُوْلَ ۵۱ : ۱۴)

فور تَفُوْرُ : (فَارَ، یَفُوْرُ، فَوْرًا وَ فُؤُوْرًا وَ فَوَرَانًا) (ہنڈیا) اُبلتی ہے (تَفُوْرُ ۴ : ۷)

فوق اَفَاقَ : (اَفَاقَ، یُفِیْقُ، اِفَاقَۃً) ہوش میں آیا (اَفَاقَ ۶۰ : ۱۴)

فید اِسْتِفَادَۃ : (اِسْتَفَادَ، یَسْتَفِیْدُ) فائدہ اُٹھانا، فائدہ حاصل کرنا (اِسْتِفَادَۃِ ۱۷ : ۱۴)

اللہ وسایا جماعت دہم رول نمبر ۱۶

ق

قبب قُبَّۃٌ: گنبد، گول عمارت، (امراد) وہ خیمہ جس کا بالائی حصہ گنبد کی طرح گول ہو، گول خیمہ ج قُبَب و قِبَاب (قُبَّۃٍ ۳۸: ۱۴)

قبر قُبِرَتْ: (قَبَرَ، یَقْبُرُ، قَبْرًا وَ مَقْبَرًا) دفن کر دیا، ڈھانپ دیا (قُبِرَتْ ۲۰: ۸)

قبض تَقَبَّضَ: (تَقَبُّض) اکٹھا ہوا (تَقَبَّضَ ۱۷: ۵)

قبع قُبَعَۃ: ٹوپی، مخروطی شکل کی ٹوپی (قُبَّعَتَہٗ ۱۶: ۱۶)

قبل قِبَلَ: جہت، طرف (قِبَلَ ۱۰۷: ۱۹)
قُبَیْلَ: ذرا پہلے (قُبَیْلَ ۹۱: ۱۱)
قَبِیْل: (الجماعۃ من الثلاثۃ فصاعدا) گروہ (قَبِیْلٌ ۵۱: ۱۶)
اَلْقِبْلِیّ: جنوبی (اَلْقِبْلِیّ ۸۶: ۱)
قِبْلِیَّ: جنوب کی طرف کو (قِبْلِیَّ ۸۷: ۱۲)

قتل (مصدرِ مجہول) قتل ہو جانا (اَلْقَتْلَ ۵۰: ۱۳)

قدد قَدِیْد: سکھایا ہوا گوشت، جس کے لمبے لمبے ٹکڑے کیے گئے ہوں (اَلْقَدِیْدَ ۱۰۷: ۹)

قدر قِدْر: ہنڈیا ج قُدُوْر (قِدْرٍ ۳: ۱۶)

قَدَر: تقدیر، قسمت ج اَقْدَار (اَلْقَدَرَ ۴۷: ۱۰)

قدم اَلْمِقْدَامُ بن مَعْدِیْکَرِب: صحابی تھے۔ آپ کی کُنیت ابو کریمہ تھی۔ کِندی تھے، لیکن اہلِ شام میں شمار ہوتے تھے۔ بہت سے لوگوں نے آپ سے روایت کی ہے۔ ۸۷ھ میں ۹۱ برس کی عمر میں شام میں انتقال فرمایا (اَلْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْکَرِبَ ۲۲: ۳)

قَادِم: (قَدِمَ، یَقْدَمُ، قَدُوْمًا وَّمَقْدَمًا) آنے والا (لِلْقَادِمِ ۵۵: ۷)

قَادِمَة: اونٹ کی زین کا اگلا حصہ (قَادِمَةُ ۱۰۷: ۱۲)

قَدَّمَ: (تَقْدِیْم) (جُوتا) بڑھایا، سیدھا کیا، اُٹھا دیا (قَدَّمَ ۲۹: ۳)

مُقَدَّمَة: وہ تھوڑی سی فوج، جو لشکر کے آگے آگے چلے، ہراول (مُقَدَّمَةِ ۳۵: ۱۶)

مَا اَقْدَمَ : (اِقْدَام) کون سی بات لائی (اَقْدَمَ ۷۵ : ۱۴)

قرب مَعَ قُرْبِ الْعَهْدِ بِهٖ : باوجودیکہ اسے ملاقات کیے تھوڑا عرصہ گزرا ہے (قُرْبِ الْعَهْدِ ۷۵ : ۱۰)

قَرَابَہ : رشتہ داری (قَرَابَةٌ ۹۷ : ۵)

قِرَب : مشکیں م قِرْبَة (قِرَب ۵۶ : ۵)

اُقَرِّبَ : (تَقْرِیب) (رکھ) قریب کردوں (اُقَرِّبَ ۴۷ : ۱)

قرر قُرّ : سردی (قُرِّ ۹۵ : ۲)

اِسْتَقَرَّ بِهِمُ الْجُلُوْسُ : آرام سے بیٹھ گئے (اِسْتَقَرَّ ۸۴ : ۷)

اِسْتَقَرَّتْ عَلٰی : (پہاڑ) ٹھہر گئے (اِسْتَقَرَّتْ ۱۰۲ : ۱۶، ۱۷)

قرش قُرَیْش : عرب کا ایک نہایت ہی معزز قبیلہ (قُرَیْشٍ ۱۰۷ : ۹)

قرع قِرَاع : (قَارَعَ، یُقَارِعُ، مُقَارَعَةً وَقِرَاعًا) باہم جنگ کرنا (قِرَاع ۵۱ : ۱۴)

قرف اَقْتَرِفُ : (اِقْتِرَاف) کرتا ہوں، مرتکب

ہوتا ہوں (اَقْتَرِفُ ۱۱: ۳)

قرن مُقْرِنِيْنَ: (اِقْرَان) غالب آنے والے
کسی کام کی طاقت رکھنے والے
(مُقْرِنِيْنَ ۸۲: ۱۴)

قری قُرٰی: گاؤں، شہر م. قَرْيَة
اُمُّ الْقُرٰی شہروں کی ماں، قدیم ترین شہر
(اُمُّ الْقُرٰی ۵۴: ۱۱)

قسم قِسْمَة: تقسیم (قِسْمَةٌ ۷۷: ۱۰)

قصب قَصَبَةٌ فَارِسِيَّة: سرکنڈے یا بانس کا جوڑ
یا دو جوڑوں کا درمیانی حصہ، جو پیالے
کے مشابہ ہو (قصبة فَارِسِيَّةٍ ۴: ۲)

قصد اِقْصِدْ: (قَصَدَ، يَقْصِدُ، قَصْدًا) میانہ روی
اختیار کر (وَ اقْصِدْ ۲۵: ۱۱ - ۸۳: ۱)

قصر اَلْقَصْر: کوتی کے قریب ایک مقام کا نام
(اَلْقَصْرِ ۳۳: ۱۴)
قَصْر: شاہی محل ج قُصُور (اَلْقَصْرِ ۳۴: ۱)

قصف قَصَفَتْ: (قَصَفَ، يَقْصِفُ، قَصْفًا وَ
قَصِيْفًا) آواز شدید ہوگئی، (کڑک)
پیدا ہوگئی (قَصَفَتْ ۱۳: ۵)

قصم قَصِمَ: (قَصَمَ، يَقْصِمُ، قَصْمًا) ٹوٹ گیا (قَصِمَ ۲: ۱)

قصو اَلْمَسْجِدُ الْاَقْصَا: بعید ترین مسجد۔ بیت المقدس جس کی زیارت کے لیے لوگ دُور دراز علاقوں سے کرتے ہیں (اَلْمَسْجِدِ الْاَقْصَا ۸۰: ۱۱)

قضض اِنْقَضَّ عَلٰی: (اِنْقِضَاض) ٹوٹ پڑا (اِنْقَضَّ عَلٰی ۸: ۳)

قضی قَضٰی: (قَضٰی، يَقْضِي، قَضَاءً) حکم دیا (قَضٰی ۸: ۱۶)

تَقَضّٰی: (تَقَضّٰی، يَتَقَضّٰی، تَقَضِّيًا) گذر گیا، ختم ہوگیا، جاتا رہا (تَقَضّٰی ۷۹: ۷)

قطب قُطُب: وہ سلاخ، جو چکّی کے نیچے کے پاٹ میں ہوتی ہے، جس کے گرد اوپر کا پاٹ گھومتا ہے ج اَقْطَاب (قُطُبُ ۵۲: ۳)

قَاطِبَة: سب کے سب قَاطِبَة ۷۹: ۳)

قطع مَقْطُوعَة: جس کے رشتہ دار نہ ہوں (مَقْطُوعَة ۹۷: ٤)

تَقَطَّعَ: ٹکڑوں میں منقسم ہو جانا، ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا (تَقَطَّعُ ۱۵ : ۶)

قعد مُتَقَاعِدِیْنَ: بیٹھے رہنے والے (اَلْمُتَقَاعِدِیْنَ ۸۸ : ۸)

قعر قَعْر: گہرائی، سب سے گہرا حصہ، تہ ج۔ قُعُوْر (قَعْر ۱۷ : ۷)

قفر قَفْر: بے آب و گیاہ زمین، بنجر، غیر آباد زمین ج قِفَار و قُفُوْر (قَفْر ۲۰ : ۶)

قفل قَوَافِل قافلے م قَافِلَة (اَلْقَوَافِل ۲۰ : ۶)

قفو لَا تَقْفُ: (قفا، یَقْفُو، قَفْوًا وَ قُفُوًّا) پیچھے پڑ، در پے نہ ہو (لَا تَقْفُ ۸۱ : ۱۲)

قلب مُنْقَلِبُوْنَ: (اِنْقِلَاب) لوٹ جانے والے، رجوع کرنے والے (لَمُنْقَلِبُوْنَ ۸۲ : ۱۵)

قمر اَقْمَار: چاند م قَمَر (اَلْاَقْمَارُ ۸۴ : ۶)

قنع اِقْنَاع: مطمئن کر دینا، قائل کر دینا، منوالینا (لِلْاِقْنَاع ۱۸ : ۷)

قنو قَنَوَاتٌ: پانی کے نل م قَنَاة (قَنَوَاتٍ ۵۹ : ۴)

قوت یَقُوْتُ: (قَاتَ، یَقُوْتُ، قَوْتًا وَ قِیَاتَةً) رزق دیتا ہے، غذا دیتا ہے (یَقُوْتُ ۹۸ : ۴)

یَتَقَوَّتُ : (تَقَوُّت) گزارہ کرتا ہے (یَتَقَوَّتُ ۶۶ : ۱۲)

قود قُوَّاد : جرنیل، سردار م قَائِد (قُوَّادِہٖ ۳۶ : ۱۱)

قوس اَقْوَاس : محرابیں م قَوْس (اَقْوَاسٍ ۳۶ : ۵)

قوع قَاع : پست ہموار زمین، چھوٹا سا میدان، آنگن ج قِیْعَان و اقواع و اَقْوُع (قَاعٍ ۷۳ : ۹)

قول اَلْقَوْل : وہی بات، یعنی جس کا ہم پہلے انکار کر چکے ہوں (اَلْقَوْلَ ۵۱ : ۸)

قَؤُوْل : کثیر القول، حسن القول (قَؤُوْلٌ ۵۱ : ۱۰)

قوم قَوْم : عربی میں قوم کا لفظ مردوں کے لیے استعمال ہوتا ہے ج اَقْوَام (قَوْمٌ ۱۰ : ۸)

یَقُوْمُ بِ : (قَامَ، یَقُوْمُ، قَوْمًا وَ قِیَامًا) کفیل ہے (یَقُوْمُ ۸۸ : ۱۰)

اُقِیْمَتْ : (اَقَامَ، یُقِیْمُ، اِقَامَةً) کھڑی کردی گئی ہے، لگا دی گئی

ہے (اُقیمت ۸۷ : ۱۶)

قیتب قَایِتْبَای : الملک الاشرف ابو النّصر سیف الدّین المحمودی الظاہری، جو ۸۷۳ھ (۱۴۶۸ء) سے ۹۰۲ھ (۱۴۹۵ء) تک سلطانِ مصر و شام رہا۔ اِس کے عہد میں مملوکی سلطنت کا اقتدار بہت بڑھ گیا تھا (ایقَا یَتبَایَ ۹۰ : ۱۰)

قید قُیُوْد : بیڑیاں مرقید (قُیُوْدِہٖ ۷۴ : ۷)

قیس قَیْسُ بْنُ سَعْد : اَبُو الفضل کنیت، مدینۂ طیبہ کے رہنے والے اور بزرگ صحابہ میں سے ہیں۔ نہایت دلیر، مُدبّر، صائب الرّائے اور فنونِ جنگ کے ماہر تھے۔ قوم کے سردار تھے اور جنگوں کے موقعوں پر انصار کے علمبردار ہوتے۔ ان کی سخاوت کے متعلق بے شمار روایات مشہور ہیں۔ حضرت عَلِی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کی خلافت کا زمانہ پایا اور تمام لڑائیوں میں حضرت علیؓ کا ساتھ

دیا۔ حضرت علیؓ نے آپ کو مصر گورنر بنایا۔ ۶۰ھ (۶۸۰ء) میں وفات پائی۔

اِن کے ڈاڑھی مُوچھ نہ تھی اور انصار کہا کرتے تھے کہ اگر ممکن ہوتا، تو ہم اپنی تمام دولت کے عوض ان کے لیے ڈاڑھی خرید لیتے (قَیْسُ ابْنُ مَعْدٍ ۵ : ۲)

ک

کأس کَاْس : جام، ساغر ج کُؤُوْس و اَکْؤُس وکَاسَات (کَاْس ۱۳ : ۱۱ — کُؤُوْسَ ۱۳ : ۱۳)

کبب کَبَّ : (کَبَّ، یَکُبُّ، کَبًّا) اُلٹ دیا (کَبَّ ۱۰۱ : ۱)

اَکَبَّ : (اَکَبَّ، یُکِبُّ، اِکْبَابًا) جُھک گیا (اَکَبَّ ۷۳ : ۱۳)

کبد کَبِد : جگر ج اَکْبَاد و کُبُوْد (کَبِدِہٖ ۳۵ : ٤)

کبل کُبِّلَ : (تَکْبِیْل) اُسے بیڑیاں پہنائی گئیں (کُبِّلَ ۷۲ : ۷)

کدح تَکْدَحُ : (کَدَحَ ، یَکْدَحُ ، کَدْحًا) تُو مشقّت برداشت کرتا ہے ، انتہائی کوشش کرتا ہے (تَکْدَحُ ۲۱ : ۹)

کدر

کس کَاْس : گملا (کَاْسًا ۱۶ : ۶)

کرب کُرْبَۃ : حُزْن ، فکر ، غم ج کُرَب (کُرْبَۃً ۲۵ : ۶)

کرث مُکْتَرِث : (اِکْتِرَاث) پروا کرنے والا (مُکْتَرِثٍ ۳۴ : ۱۱)

کرم کُرَمَاء : سخی لوگ ، م کَرِیْم (اَلْکُرَمَاءِ ۲۸ : ۳)

کرہ کَرِہْتُمُوْہُ : (کَرِہَ ، یَکْرَہُ ، کُرْھًا وَ کَرَاھَۃً وَ کَرَاھِیَۃً) تُم نے اُسے ناپسند کیا (کَرِہْتُمُوْہُ ۱۱ : ۳)

کسر کَاسِر : توڑ دینے والا ، شکست دینے والا ، (مُراد) ہیبت ناک ، زبردست (اَلْکَاسِر ۱۶ : ۱۱)

کسو کَسَوْتَ : (کَسَا ، یَکْسُوْ ، کَسْوًا) تُو

نے کپڑے پہناتے (کَسَوْتَ ۲۱ : ۵)
مَکْسُوّ: جسے پہنایا گیا ہو، جس پر چڑھایا گیا ہو (اَلْمَکْسُوّ ۸۶ : ۶)
کِسَاء کپڑا ج اَکْسِیَة (کِسَاءٍ ۸۸ : ۱۰)

کشف کَشَفَ عَنْ : (کَشَفَ ، یَکْشِفُ ، کَشْفًا وَّ کَاشِفَةً) ظاہر کردیا ، پردہ ہٹا دیا (کَشَفَ ۱۲ : ۷)

کفح کِفَاح : مقابلہ ، دفاع ، مدافعت (اَلْکِفَاحُ ۱۰۹ : ۵)

کفی مُکَافِیًا : کافی ، یُکَافِیْ ، مُکَافَاةً سے اسمِ فاعل ، بدلہ دینے والا (مُکَافِیًا ۶۷ : ۳)
اِکْتَفَوْا : (اِکْتَفٰی ، یَکْتَفِیْ ، اِکْتِفَاءً) کافی سمجھا ، مطمئن ہو گئے (اِکْتَفَوْا ۹۵ : ۱۸)

کلأ کَلَأٌ : تازہ روئیدگی ، سبزی ، گھاس ج اَکْلَاءٌ (کَلَأٌ ۵۲ : ۱۰)

کلل کَلِیلَة : درماندہ ، تھکی ہوئی ، ضعیف (کَلِیلَةٌ ۶۴ : ۲)

کند کِنْدَۃ : ایک قبیلے کا نام ہے۔ (کِنْدَۃَ ۴۸ : ۷)

کنس کَنَسَ : (کَنَسَ ، یَکْنُسُ ، کَنْسًا) جھاڑو دی (کَنَسَ ۱۰۱ : ۱۱)

کھل کُھُوْل : پختہ عمر (۳۰ سے ۵۰ سال) کے انسان ، ادھیڑ مرکَھْل (کُھُوْلَ ۴۱ : ۱۰)

کوث کُوْثٰی : عراق میں ایک مقام کا نام ، جو درندوں کے لیے مشہور ہے (کُوْثٰی ۳۳ : ۱۴)

کوف اَلْکُوْفَۃ : عراق کا مشہور شہر ، جو اسلامی علوم و فنون کا مرکز رہا ہے (اَلْکُوْفَۃِ ۴۵ : ۲)

کون مَکَانَۃ : رُتبہ ، مرتبہ ج مکانات (مَکَانَتِھَا ۸۹ : ۱۸)

کیت کَیْتَ وَ کَیْتَ : اِس اِس طرح (کَیْتَ وَ کَیْتَ ۷۰ : ۱۱)

کید کَیْد : حیلہ ، مکر ، چال ج کِیَاد (کَیْدَہٗ ۶۴ : ۱۷)

مَكَايِد : حیلے ، تدابیر ، مکر م مَكِيدَة
(مَكَايِدُ ۴۲ : ۸)

كيس كِيْس : تھیلی ، بوری ج أَكْيَاس و كِيَسَة
(كِيْسٍ ۶۷ : ۱۰)

كيل كِيلُومِتْرَات : کلومیٹر (ا کلومیٹر = ۱۰۰۰ میٹر)
(كِيلُومِتْرَاتٍ ۵۵ : ۱)

ل

ل لَ : لامِ استغاثہ ۔ جب یہ لام ایسے مستغاث پر داخل ہو ، جس کے ساتھ یا بھی استعمال ہوا ہو ، تو لام مفتوح ہوگا اور اس کا مستغاث مجرور ، جیسے یا لَلّٰهِ!
(يَا لِتَغْلِبَ ۳۹ : ۴)

لؤم لُؤْم : خست ، کمینگی ، بخل (اللُّؤْمِ ۵۰ : ۳)
لِئَام : کمینے م لَئِيم (اللِّئَامُ ۵ : ۱۶)
اِلْتِيَام : (اِلْتَأَمَ ، يَلْتَئِمُ ، اِلْتِيَامًا)
مندمل ہو جانا ، زخم کا بھر جانا
(اِلْتِيَامُ ۶۴ : ۱۱)

لبب أَلْبَاب : دل ، قلوب م لُبّ (أُولُو الْأَلْبَابِ

الشد وبابا جماعت دہم

۸۳ : ۷)

تَلَابِیْب : کالر ، چھاتی کے بالائی حصے
کو ڈھانپنے والے کپڑے م تَلْبِیْب
(تَلَابِیْب ۹٤ : ۲)

اَلَبَّ بِالْمَکَانِ اِلْبَابًا : وہاں اقامت کی
اور ٹھہرا رہا۔ اِسی استعمال سے لَبَّیْکَ
ماخوذ ہے ، جس کے لیے دیکھو
دُرُوسُ الْاَدَب صفحہ ۱۲۳ (لَبَّیْکَ ۱۰۷ : ۵)

لبد لَبَابِیْد : اونی ٹوپیاں ، بال دار ٹوپیاں
م لُبَادَۃ (اَللَّبَابِیْدِ ۳۰۳ : ۱۲)

لبس مَلَابِس : پہننے کے کپڑے م مَلْبَس
(مَلَابِس ۱۷ : ۳)

لتت اَللَّاتّ : اصل میں اَللَّاتّ تھا جو لَتَّ
السَّوِیْقَ (اُس نے ستو گھولے)
سے اسمِ فاعل ہے۔ طائف میں ایک
آدمی ستو گھول کر لوگوں کو پلایا
کرتا تھا۔ اُس کی وفات کے بعد
اُس کی قبر پر بہت جمگھٹا رہتا
